**05.07.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

**Music**

--------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی بیونس آئرس میں ارجنٹینا کے صدر Javier Milei کے ساتھ وفود کی سطح کی بات چیت کررہے ہیں۔ دفاع، زراعت، قابل تجدید توانائی، تجارت اور سرمایہ کاری خاص موضوعات میں شامل ہیں۔

☆ عالمی بینک نے بھارت کو دنیا کے سب سے زیادہ برابری والے معاشروں کے زمرے میں چوتھے مقام پر رکھا ہے۔

☆ امریکہ کے محکمۂ انصاف نے بھارت کی حوالگی کی درخواست پر کروڑوں ڈالر کے پنجاب نیشنل بینک دھوکہ دہی کیس میں ملزم Nehal Modi کو گرفتار کرلیا ہے۔

☆ جھارکھنڈ کے رام گڑھ ضلع میں پرانی کوئلہ کان کے دھنسنے کے واقعے میں چار افراد کی موت ہوگئی، چھ افراد کو بچا لیا گیا ہے۔

☆ کھیلوں میں، Worcestor کے مقام پر یوتھ ایک روزہ کرکٹ میچ میں بھارت کے 14 سالہ ویبھو سوریہ ونشی نے میزبان انگلینڈ کے خلاف سب سے تیز رفتار سنچری بنائی۔

☆ اور اسکواش میں بھارت کی Anahat Singh نے جنوبی کوریا میں 19 سال تک کی عمر کی کھلاڑیوں کی ایشیائی چمپئن شپ کا خطاب جیت لیا ہے۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**PM Argentina Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی بیونس آئرس میں ارجنٹینا کے صدر Havier Milei کے ساتھ باہمی بات چیت کر رہے ہیں۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان پچھلی میٹنگ برازیل کے شہر Rio De Janerio میں جی–ٹوینٹی سربراہ میٹنگ کے موقع پر پچھلے سال نومبر میں ہوئی تھی۔ دونوں رہنما اہم شعبوں میں بھارت–ارجنٹینا ساجھے داری کو مزید وسعت دینے کے طورطریقوں پر تبادلۂ خیال کریں گے اور موجودہ اشتراک کا جائزہ لیں گے۔ اِن شعبوں میں دفاع، تجارت، کانکنی، تیل اور گیس، قابل تجدید توانائی، تجارت، سرمایہ کاری اور عوام سے عوام کے رابطے شامل ہیں۔

وزیر اعظم نے اپنے دورے میں آج کے دن کا آغاز جنرل Jose de San Martin کے مجسّمے پر خراجِ

عقیدت پیش کرنے کے ساتھ کیا جو ارجنٹینا کے قابل احترام مجاہد آزادی اور ایک قومی سپوت ہیں جنھوں نے ارجنٹینا، چلی اور Peru کو اسپین کی حکومت سے آزاد کراکر جنوبی امریکہ کی آزادی میں اہم رول ادا کیا تھا۔

وزیر اعظم نریندر مودی پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے سلسلے میں ارجنٹینا گئے ہوئے ہیں۔ اُن کے اِس دورے کا مقصد عالمی خطۂ جنوب کے ساتھ بھارت کے رابطوں کو مستحکم بنانا ہے۔اِس سے قبل، آج صبح جناب مودی Trinidad and Tobago سے ارجنٹینا کی راجدھانی پہنچے۔ بیونس آئرس کے ہوٹل میں پہنچنے پر بھارتی برادری کے لوگوں نے گرمجوشی کے ساتھ وزیر اعظم کا استقبال کیا۔ اس موقع پر کتھک، بھرت ناٹیم اور Odissi رقص کا اہتمام کیا گیا۔ جناب مودی نے سوشل میڈیا پر ایک پیغام میں کہا کہ وطن سے ہزاروں کلو میٹر دور بھارتی برادری کے توسط سے بھارت کے تابناک جذبے کا مظاہرہ واقعی بہت متاثر کرنے والا تھا۔x

## BRICS Summit

برکس ممبر ممالک اور ساجھیدار ملکوں کے سربراہانِ مملکت 6اور 7جولائی کو Rio de Janeiro میں ہونے والی 17ویں سربراہ کانفرنس کیلئے یکجا ہو رہے ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی، Rio de Janeiro کے مقامی وقت کے مطابق آج شام اور بھارتی وقت کے مطابق صبح سویرے یہاں پہنچیں گے۔ ہمارے نامہ نگارنے مطلع کیا ہے کہ ممبر ممالک کے شیرپاؤ نے تبادلۂ خیال کیلئے بنیادی تیاری کرلی ہے، جس کے بعد مشترکہ اعلامیہ جاری کیا جائے گا۔

## World Bank India

عالمی بینک نے بھارت کو دنیا کے سب سے زیادہ برابری والے معاشروں کے زمرے میں رکھا ہے۔ عالمی بینک کے مطابق بھارت کا Gini اشاریہ 25اعشاریہ پانچ ہے۔ اس طرح یہ سلوواک جمہوریہ، سلووینیہ اور بیلاروس کے بعد دنیا میں چوتھا سب سے مساوی ملک ہے۔ Gini اشاریہ اِس بات کو سمجھنے کا ایک سادہ لیکن باثر طریقہ ہے کہ کسی ملک میں آمدنی، دولت یا کھپت مختلف کنبوں یا افراد میں کس طرح برابر سے تقسیم ہوتی ہے۔بھارت نسبتاً کم نابرابری کے زمرے میں آتا ہے، جس میں Gini کا اشاریہ 25اور 30کے درمیان ہوتا ہے۔ بھارت کم نابرابری والے گروپ کے زمرے میں آنے سے معمولی فرق سے دور رہ گیا۔اس میں 24اعشاریہ ایک کے اسکور کے ساتھ سلوواک جمہوریہ، 24اعشاریہ تین کے اسکور کے سلووینیہ اور 24اعشاریہ چار کی سطح کے ساتھ بیلاروس جیسے ممالک شامل ہیں۔ان تین ملکوں کے علاوہ اُن دیگر سبھی 167ملکوں کے مقابلے بھارت کا اسکور بہتر ہے، جن کیلئے عالمی بینک نے ڈیٹا جاری کیا ہے۔ بھارت کا اسکور چین کے 35اعشاریہ 7سے کافی کم ہے۔ اسی طرح امریکہ سے بھی کہیں زیادہ کم ہے، جو 41اعشاریہ آٹھ کی سطح پر ہے۔x

## Piyush Goyal

کامرس اور صنعتوں کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ ملک کی پالیسیاں اِس انداز سے ترتیب دی جارہی ہیں کہ بھارت کو چار ٹریلین ڈالر کی معیشت سے آگے بڑھ کر 2047 تک 32ٹریلین ڈالر کی معیشت میں تبدیل کیا

جاسکے۔ جناب گوئل آج بینگلورو میں IIT مدراس ''سنگم 2025'' عالمی اختراع اور سابق طلبا کے Summit میں اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ سرکار کی دوراندیش پالیسیوں کی بدولت بھارت پہلے ہی دنیا میں پانچویں سب سے بڑی معیشت بن چکا ہے اور 2028 تک اس کا تیسری سب سے بڑی معیشت بننا طے ہے۔ وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ بھارت عالمی سطح پر سب سے تیز ترقی کرنے والی معیشتوں میں سے ایک ہے۔x

## ***Murugan Kerala Visit***

اطلاعات و نشریات اور پارلیمانی امور کے وزیر مملکت ایل مروگن نے کہا ہے کہ آیوشمان بھارت اسکیم، ملک کے عام شہری کو بہترین طبی سہولتیں فراہم کرنے میں انتہائی سود مند ثابت ہو رہی ہے۔ آج تیرو اننت پورم میں Sri Uthradom Thirunal طبی سائنس کے ادارے کی 14ویں تقسیمِ اسناد تقریب کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات کہی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ ملک میں طبی کالجوں کی تعداد، گزشتہ 10برس میں 387سے بڑھ کر 776ہوگئی ہے۔ x

## **Nehal Modi Arrest**

امریکہ کے محکمۂ انصاف نے بھارتی حکام کو مطلع کیا ہے کہ اقتصادی جرائم کے مرتکب مفرور ملزم Nirav Modi کے بھائی Nehal Modi کو امریکی حکام نے گرفتار کرلیا ہے۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ اور مرکزی جانچ بیورو CBI کی جانب سے اُس کی حوالگی کی درخواست مشترکہ طور پر پیش کئے جانے کے تناظر میں یہ گرفتاری عمل میں آئی ہے۔ED نے کہا ہے کہ امریکی استغاثہ کی جانب سے داخل کی گئی شکایت کے مطابق دو معاملات میں حوالگی کی کارروائی کی جارہی ہے۔ ان میں سے ایک کالے دھن کو جائز شکل دینے اور دوسرا معاملہ مجرمانہ سازش کا ہے۔

کروڑوں ڈالر کے پنجاب نیشنل بینک دھوکہ دہی کیس کے سلسلے میں Nehal Modi بھارت میں مطلوب ہے، جو ملک کی تاریخ میں سب سے بڑے بینکاری گھپلوں میں سے ایک ہے۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ اور CBI کی چھان بین سے یہ انکشاف ہوا ہے کہ Nehal Modi نے اپنے بھائی Nirav Modi کی طرف سے جرم کے ارتکاب سے حاصل ہونے والی رقم کو جائز شکل دینے میں اہم رول ادا کیا تھا۔ Nirav کو بھی برطانیہ سے بھارت لائے جانے کی کارروائی کا سامنا ہے۔x

## ***Jharkhand CCL Mines Accident***

جھارکھنڈ میں آج چار افراد اُس وقت ہلاک ہوگئے، جب وہ رام گڑھ ضلع کے Mandu بلاک علاقے کے Mahua Tungri میں خالی پڑی کوئلے کی ایک کان کے ملبے میں دب گئے۔ یہ حادثہ، سینٹرل کول فیلڈ لمیٹڈ پروجیکٹ میں غیر قانونی کانکنی کے دوران پیش آیا۔ بچاؤ ٹیم نے کُل 10میں سے 6افراد کو زندہ باہر نکال لیا، جو ملبے کے نیچے دب گئے تھے۔ بچائے گئے سبھی افراد کو نازک حالت میں اسپتال میں داخل کرا دیا گیا ہے۔ رام گڑھ

کے ڈپٹی کمشنر فیض احمد ممتاز نے کہا ہے کہ اِس حادثے کی تفصیلی تحقیقات کی جائے گی اور قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ جھارکھنڈ میں BJP کے سربراہ اور اپوزیشن رہنما بابو لال مرانڈی نے اِس واقعے کی اعلیٰ سطحی جانچ کا مطالبہ کیا ہے۔ x

**EC Bihar**

بہار میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی سرگرم نظرثانی کا عمل زور شور سے جاری ہے تاکہ کسی بھی اہل ووٹر کا نام اِس میں شامل ہونے سے نہ رہ جائے۔ اِس سرگرم نظر ثانی کیلئے بوتھ کی سطح کے افسر، BLO نگرانی افسر، چناؤ اہلکار اور سیاسی پارٹیوں کی جانب سے مقرر کئے گئے بوتھ کی سطح کے ایجنٹ اور رضاکار سب سے نچلی سطح پر کام کر رہے ہیں۔انتخابی کمیشن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اس سلسلے میں ایک کروڑ چار لاکھ فارم موصول ہوئے ہیں، جو بہار میں مجموعی رائے دہندگان کا 13اعشاریہ ایک نو فیصد ہیں۔ جو فارم تقسیم کئے گئے ہیں ان کا فیصد بڑھ کر 93اعشاریہ پانچ سات فیصد ہوگیا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ 7 کروڑ 38لاکھ سے زیادہ فارم پہلے ہی تقسیم کئے جاچکے ہیں۔پیش ہے ایک رپورٹ......

VC Suparna/HIN Adarsh

77ہزار 895بلاک سطح کے افسر، گھر گھر جاکر اندراج کے فارم بھرنے میں ووٹروں کی مدد کر رہے ہیں اور اُنہیں جمع کر رہے ہیں۔ زیادہ تر معاملات میں BLO، ووٹروں کی لائیو پکچر لے رہے ہیں اور انہیں اپلوڈ کر رہے ہیں، جس سے فوٹو کھینچوانے میں لگ والا ٹائم بچ رہا ہے۔ بھرے گئے فارمس ECINET App پر خود بھی اپلوڈ کیے جاسکتے ہیں۔ سرکاری ملازمین، NCC کیڈٹس اور NSS کے ارکان سمیت تقریباً چار لاکھ رضاکار، SIR عمل کے تحت بزرگوں، بیمار افراد اور سہولتوں سے محروم لوگوں کی مدد کیلئے کام کر رہے ہیں۔ مختلف سیاسی جماعتوں کی جانب سے مقرر کیے گئے ایک لاکھ 50ہزار سے زیادہ بوتھ سطح کے ایجنٹس بھی اِس میں مدد فراہم کر رہے ہیں۔

سپرنا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد اعظم

**Bihar Lalu President**

بہار کے سابق وزیر اعلیٰ اور سینئر لیڈر لالو پرساد نے حال ہی میں ہوئے تنظیمی انتخابات کے بعد آج تیرہویں مرتبہ راشٹریہ جنتا دل، RJD کے صدر کی حیثیت سے عہدہ سنبھالا۔ انہوں نے بلا مقابلہ منتخب ہونے کے بعد پٹنہ میں RJD کی قومی کونسل کی میٹنگ میں عہدہ سنبھالا۔ 5جولائی 1997 کو اُس وقت کے جنتا دل سے الگ ہونے کے بعد RJD کا قیام عمل میں آیا تھا۔ x

**CBI Railway Officer Arrest**

مرکزی جانچ بیورو CBI نے اترپردیش کے سنبھل میں تعینات شمالی ریلوے کے اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر اور اُس کے تحت کام کرنے والے ایک Trackman کو عرضی گزار سے غیر قانونی فائدہ حاصل کرتے ہوئے حراست

میں لیا ہے۔ ایک بیان میں CBI نے کہا ہے کہ دونوں قصورواروں کو اِس شکایت پر گرفتار کیا گیا ہے کہ اسسٹنٹ ڈویژنل انجینئر نے ایک نجی کمپنی کے زیر التوا بلوں کو منظور کرانے پر دو فیصد کمیشن کا مطالبہ کیا تھا۔ x

## Amarnath Yatra

شری امرناتھ جی یاترا کے آج تیسرے روز شام 5 بجے تک 20ہزار سے زیادہ عقیدتمندوں نے امرناتھ کی پوتر گھپا کے درشن کر لئے تھے۔ اِس ماہ کی 3 تاریخ کو شروع ہوئی 38روزہ شری امرناتھ جی یاترا، جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلعے کے Nunwan پہلگام base کیمپ اور وسطی کشمیر کے گاندربل ضلعے کے بالتل base کیمپ، دونوں راستوں پر خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے۔ جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ امرناتھ یاترا کیلئے پورے جموں و کشمیر میں جشن اور خوشی کا ماحول ہے۔ یاتری، دونوں راستوں پر سبھی طرح کے انتظامات، سہولتوں اور محفوظ ماحول پر خوشی اور اطمینان کا اظہار کر رہے ہیں۔ x

## Amarnath Accident

رام بن کے چندر کوٹ میں لنگر کے مقام پر امرناتھ یاترا سے پہلگام جانے والے قافلے کی آخری موٹر گاڑی کنٹرول سے باہر ہوگئی اور وہاں کھڑی دیگر موٹر گاڑیوں سے ٹکرا گئی، جس کے نتیجے میں 4موٹر گاڑیوں کو نقصان پہنچا اور36 یاتری معمولی طور پر زخمی ہوگئے۔ ضلع انتظامیہ نے فوری طور پر زخمیوں کو علاج کیلئے رام بن ضلع اسپتال پہنچایا۔بعد میں یاتریوں کو دوسری موٹر گاڑیوں میں منتقل کیا گیا تا کہ وہ بحفاظت اپنا سفر جاری رکھ سکیں۔ x

## HP Rainfall

آج ہماچل پردیش کے مختلف حصوں میں رک رک کر مانسون کی بارش ہوتی رہی۔ کچھ علاقوں میں دوپہر تک موسم صاف ہونے سے اُن علاقوں میں راحت اور باز آبادکاری کا کام تیز کیا گیا، جو پچھلے کچھ روز میں شدید بارش، بادل پھٹنے اور چٹّانوں کے ٹکرے گرنے سے متاثر ہوئے تھے۔ منڈی ضلع سب سے زیادہ متاثر ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ مکیش اگنوہتری نے آج زمینی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔ NDRF،SDRFاور مقامی انتظامیہ، رضاکاروں کے ساتھ امدادی اور باز آبادکاری کی کارروائیوں کو جنگی پیمانے پر انجام دے رہے ہیں۔ اس دوران موسمیات کے محکمے نے آئندہ چوبیس گھنٹے کیلئے ریاست کے مختلف حصوں میں شدید سے بہت شدید بارش کا ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ x

## *Suryavanshi Record Cricket*

بھارت کے چودہ سالہ نوجوان کرکٹ کھلاڑی Vaibhav سوریہ وَنشی نے نوجوانوں کے ایک روزہ بین الاقوامی میچوں میں سب سے تیز سنچری بنائی ہے۔ انہوں نے آج Worcester میں انگلینڈ کے خلاف محض 52 گیندوں میں سنچری اسکور کی۔ سوریہ وَنشی نے 13چوکے اور 10 چھکّے لگائے۔ انہوں نے وِیہان ملہوترا کے ساتھ دوسری وکٹ

کیلئے 219رن کی ساجھیداری کی، جو 100رن بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ دونوں کی سنچریوں کی بدولت، بھارت نے مقررہ 50اوورس میں 9وکٹ پر 399رن بنائے۔ بھارت، پانچ میچوں کی سیریز میں دو–ایک سے سبقت حاصل کیے ہوئے ہے۔ x

## ***Squash***

اسکواش میں بھارت کی اَناہت سنگھ نے 19سال سے کم عمر کے ایشیائی اسکواش چمپئن شپ کے فائنل میں ہانگ کانگ، چین کی Cheung TC پر تین–صفر سے جیت حاصل کرکے خطاب جیت لیا ہے۔ انہوں نے آج جنوبی کوریا میں Gimcheon میں سیدھے سیٹوں میں گیارہ–سات، گیارہ–دو، گیارہ–آٹھ اسکور کرکے سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ایشین جونیئر اسکواش چمپئن شپ میں 17سال سے کم عمر کھلاڑیوں کے مقابلے میں Arya Veer Dewan نے بھارت کی طرف سے تاریخی جیت حاصل کرتے ہوئے سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ اس طرح 13سال بعد بھارت کو اس زمرے میں جیت حاصل ہوئی ہے۔ x

## ***Para Gold***

بیجنگ میں پیرا تیر اندازی کی ایشیائی چمپئن شپ 2025میں بھارتی پیرا تیر اندازوں نے آج سونے کے 2 تمغے حاصل کیے۔ اس طرح بھارتی کھلاڑیوں نے کُل 7تمغے حاصل کرلیے ہیں۔شیتل دیوی اور جیوتی پر مشتمل خواتین کی مشترکہ ٹیم نے چین کو 148-143سے شکست دے کر سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ وہیں Harvinder Singh اور Bhawna نے مکسڈ recurve میں 5-4 کی نشانہ بازی سے ایک اور سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

بھارت نے مردوں کے مشترکہ افتتاحی مقابلے اور مکسڈ کمپاؤنڈ کے افتتاحی مقابلوں میں چاندی کے 3تمغے بھی حاصل کیے۔ راکیش کمار نے چاندی کے 2تمغے حاصل کیے۔ انہوں نے مردوں کے مشترکہ ٹیم مقابلے میں شیام سُندر سوامی کے ساتھ اور مکسڈ ڈبلز میں جیوتی کے ساتھ یہ تمغے حاصل کیے۔ x

☆☆☆☆☆☆